سوال

(307) بدخلق دادا سے معاملہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرا دادا ہمارے ساتھ رہتا ہے اور وہ ہمیں کبھی نہیں چھوڑتا یعنی ہمیں مارنے اور ڈانٹنے کا ہمیشہ موقع تلاش کرتا رہتا ہے تو کیا اس کے لیے بددعا یا اس سے اونچی آواز میں بات کرنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس بوڑھے آدمی کے ساتھ نرمی کریں اور ان کی طرف سے آپ کو جو تکلیف پہنچتی ہے 'اس پر صبر کریں کیونکہ انسان کی عادت ہے کہ جب وہ بڑا ہو جاتا ہے تو وہ تنگ دل ہو جاتا ہے اور اونچی آواز یا اپنے حکم کی مخالفت سے تکلیف محسوس کرتا ہے اور اسے برداشت نہیں کرسکتا 'لہذا آپ ان سے جو سنیں یا دیکھیں اس پر صبر کریں نیز انہیں بتا دیں کہ آپ کوئی ایسا کام نہیں کریں گے 'جس کی وجہ سے انہیں آپ کے لیے بددعا کرنا پڑے یا آپ کو مارنا پڑے۔ امید ہے کہ اس سے انکی تیزی وتندی میں کمی آجائے گی۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص239

محدث فتویٰ